Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 10th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 8 Preparation

Q1. قیامت کے دن کن لوگوں عذاب میں رکھا جائے گا.

Ans 1: جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیات اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا تو ایسے لوگوں کو عذاب میں رکھا جائے گا.

Q2. سب سے بڑا ظلم کیا ہے.

Ans 1: سب سے بڑا ظلم شرک ہے

Q3. سورۃ العنکبوت کا خلاصہ تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ العنکبوت اس زمانے میں نازل ہوئی جب مشرکین مکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کی شدید ترین مخالف کررہے تھ- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین شروع سے اپنی قوم میں اعلی صفات اور پاکیزہ و بلند کردار کی وجہ سے نہایت مقبول تھے. سورۃ العنکبوت کا خلاصہ، کافروں کا ظلم سہنے والے مظلوم مسلمانوں کو تسلی دیناہے.

Q4. ترجمہ کریں- واحلل عقدۃ من لسانی ہ یفقھوا قولی ہ

Ans 1: اورمیری زبان کی گرد کھول دے- تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں

Q5. سورۃ الآحقاف کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ الاحقاف مکی سورت ہے.

Q6. سورہ یٰسین کے دوسرے حصے میں کن باتوں کا بیان ہے.

Ans 1: سورہ یٰسین کے دوسرے حصے میں اللہ تعالی کی وحدانیت اور نعمتوں اور اس کی قدرتوں کا زکر ہے.

Q7. سورہ الشعراء کی خصوصیات کیا ہے.

Ans 1: سورہ الشعراء کی خصوصیات یہ ہے کہ یہ آیات کے لحاظ سے طویل ترین مکی سورت ہے.

Q8. کس نبی کو مچھلی نے نگل لیا تھا

Ans 1: حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی نے نگل لیا تھا.

Q9. سورۃ السجدہ کی ایک فضیلت تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ میں قرآن مجید پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے توحید اور آخرت کے دلائل بیان کئے گئے ہیں

Q10. سورۃ القصص کو یہ نام کیوں دیا گیا.

Ans 1: اس سورت کی آیت پچیس میں القصص کا لفظ آیا ہے- اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ القصص رکھا گیا ہے.